# 06-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر سائنس وٹکنالوجی ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ملک کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے مقصد سے آج نئی دہلی میں کیمپس ٹینک کا افتتاح کیا۔

۲۔سنگارینی انتظامیہ نے برطرف کئے گئے 43 جونیر مائننگ انجینئر ٹرینز کی خدمات کو بحال کردیا ہے۔

۳۔ ہریش راؤ نے کہا کہ وہ بی آر ایس اور اس کے سربراہ چندر شیکھر راؤ کے ایک وفادار سپاہی ہیں اور وہ جس بھی منصب پر فائز رہے ریاست کی ترقی میں اپنا رول ادا کیا ہے۔

اور

۴۔ڈی جی پی جتندر نے بتایا کہ حیدرآباد میں گنیش وسرجن کا عمل پرامن طریقہ سے جاری ہے۔

## GANESH IMMERSION

ڈی جی پی جتندر نے بتایا کہ حیدرآباد میں گنیش وسرجن کا عمل پرامن طریقہ سے جاری ہے۔ڈی جی پی نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست بھر سے کسی ناخوشگوار واقعہ کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوشگوار طریقہ سے گنیش وسرجن کیلئے حیدرآباد کے تینوں کمشنریٹ نے خصوصی فورسس کو تعینات کیا گیا ہے۔ خیریت آباد کی مشہور گنیش کی مورتی کا پرامن طریقہ سے وسرجن مکمل ہوا۔ بالاپور گنپتی شوبھایاترا آج شام اختتام کو پہنچے گی۔ڈی جی پی نے بتایا کہ وسرجن کا عمل کل تک جاری رہے گا اور انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔اسی دوران وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اچانک دورہ کرتے ہوئے حسین ساگر جھیل پر گنیش وسرجن کے عمل کا جائزہ لیا۔ پولیس کی جانب سے 35 ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔

ARREST

میرابھینڈ رویسائی ویرار پولیس نے تلنگانہ میں میفے ڈرون کی تیاری کے ایک یونٹ کا پردہ فاش کیا اور ایک بنگلہ دیشی خاتون سمیت 12 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ایم ڈی وی وی کے پولیس کمشنر نکت کوشک نے یہ جانکاری دی۔میڑچل ملکاجگری کے چرلہ پلی میں یہ یونٹ قائم تھا۔اس موقع پر پولیس نے 5.96 گرام میفے ڈرون، 27 موبائل فونس، 3 فور وہیلرس، 4 الکٹرانک اسکلس اور کنٹرابینڈ کی تیاری میں استعمال ہونے والے کیمیکل و دیگر سامان کے علاوہ 23.93لاکھ روپے نقد برآمد کئے ہیں۔پولیس کمشنر نے بتایا کہ ضبط کی گئی اشیاء کی قیمت کروڑوں روپے میں ہیں۔

HARISH

سابق وزیر اور بی آر ایس کے رکن اسمبلی ہریش راؤ نے سابق بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا کی جانب سے ان کے خلاف کئے گئے تبصرہ پر کسی بھی قسم کا ردعمل دینے سے انکار کیا ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ اس طرح کے الزامات لگانے والوں کے سوچ پر ہی وہ یہ معاملہ چھوڑتے ہیں۔ ہریش راؤ آج صبح لندن سے حیدرآباد پہنچے۔انہوں نے کویتا کا نام لئے بغیر ان پر لگائے گئے الزامات کو مسترد کردیا۔کویتا نے اس سے قبل الزام لگایا تھا کہ ہریش راؤ نے بی آر ایس دورہ حکومت میں بحیثیت وزیر آبپاشی کالیشورم پراجکٹ میں ہوئی مبینہ بدعنوانی کی ذمہ داری تسلیم کریں۔کویتا نے کہا تھا کہ سابق وزیراعلیٰ اور ان کے والد کی شبیہ کو بگاڑنے کیلئے یہ الزامات عائد کئے گئے ہیں حالانکہ کے چندر شیکھر راؤ کی توجہ تلنگانہ کی ترقی پر مرکوز تھی۔ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ وہ گزشتہ 25 برسوں سے بی آر ایس اور اس کے سربراہ چندر شیکھر راؤ کے ایک وفادار سپاہی ہیں اور وہ جس بھی منصب پر فائز رہیں گے ریاست کی ترقی میں اپنا رول ادا کریں گے۔

NIRMALA:

مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رامن نے تمام ریاستوں کے وزرائے خزانہ کو ایک مکتوب روانہ کرتے ہوئے اشیاء وخدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) میں تاریخی اصلاحات کے نافذ کرنے میں ان کے تعاون اور سرگرم رول پر اظہارِ تشکر کیا۔ پی ٹی آئی کو دیئے گئے انٹرویو میں سیتا رامن نے کہا کہ ریاستوں میں ٹیکس شرحوں میں تبدیلی کیلئے اپنی تجاویز دی تھیں تاہم ہم لوگوں کی بھلائی کیلئے انہوں نے متفقہ طور پر جی ایس ٹی کونسل میں ایک اہم فیصلہ کرنے میں مدد کی۔

AMBASSADOR

ڈنمارک کے سفیر برائے ہند ریس مس کرسٹنسن نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی اور پائیدار ماحولیات، تعلیم، سبز توانائی، کسانوں اور خواتین کی بہبود سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ کرسٹنسن نے کل رات وزیراعلیٰ سے ملاقات کی تھی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ ڈنمارک کی ایمبسی نے نمایاں تبدیلی اور ترقی کیلئے ریاستی حکومت کے ویژن، تلنگانہ رائزنگ 2047ء میں اشتراک کرنے کیلئے اپنی آمادگی کا اظہار کیا ہے۔

ADD HARISH

اسی دوران ہریش راؤ نے سدی پیٹ ضلع کے ایراولی میں واقع پارٹی سربراہ وسابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ کے فارم ہاؤس پر ان سے ملاقات کی۔ کویتا کی جانب سے ہریش راؤ اور سنتوش راؤ کے خلاف لگائے گئے الزامات اور پھر کویتا کی پارٹی سے معطّلی اور ان کے پارٹی چھوڑنے کے تناظر میں اس ملاقات کو کافی اہم قرار دیا جارہا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق دونوں قائدین نے اسمبلی میں ہوئی حالیہ سرگرمیوں، کالیشورم میں ہوئی مبینہ بے قاعدگیوں کی جانچ کیلئے سی بی آئی تحقیقات اور کویتا کے ایم ایل سی عہدہ سے استعفیٰ کے موضوع پر تبادلہ خیال کیا۔

SINGARENI

سنگارینی انتظامیہ نے آج احکامات جاری کرتے ہوئے 43 ملازمین کی خدمات کو بحال کردیا ہے۔ مختلف وجوہات کی بنا پر جونیر مائننگ انجینئر ٹرینز کو ان کے عہدوں سے برطرف کردیا گیا تھا۔ کمپنی کے چیرمین و منیجنگ ڈائرکٹر این بلرام کی ہدایت پر برطرف ملازمین کی بحالی کے احکامات جاری کئے گئے تاکہ انہیں ایک موقع فراہم کیا جاسکے۔ کمپنی کے ایک پریس ریلیز کے مطابق مذکورہ ملازمین کو بلا اطلاع غیر حاضری اور درکاری ضروری دستاویزات داخل کرنے میں ناکامی کی وجہ سے برطرف کردیا گیا تھا۔ اس ضمن میں ڈپٹی چیف لیول کمشنر، سنگارینی مینجمنٹ اور سنگارینی کالریز ورکرس یونین کے بیچ ایک معاہدہ طئے پایا ہے۔ اسی معاہدہ کی بنیاد پر ملازمین کو بحال کیا گیا۔ تمام 43 برطرف ملازمین کی بحالی کو نئی بھرتی کے طور پر تصور کیا جائے گا۔ بلرام نے بتایا کہ میڈیکل سطح پر فٹ قرار دئے گئے ملازمین کو بہت جلد اپائنمنٹ لیٹر دئے جائیں گے۔ انہوں نے تمام ملازمین پر زور دیا کہ وہ ڈسپلن کی پابندی کریں اور انہیں دئے گئے موقع سے استفادہ کریں۔

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ تین دنوں کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کا امکان ہے۔ ریاست کے مختلف اضلاع عادل آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم، جگتیال، جئے شنکر بھوپال پلی، کاماریڈی، کمرم بھیم آصف آباد، منچریال، میدک، ملگ، نرمل، نظام آباد، پداپلی اور سنگاریڈی کے بعض مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ بھدرادری کوتہ گوڑم، جئے شنکر بھوپال پلی، کمرم بھیم آصف آباد، محبوب آباد اور منچریال میں بھی کل بارش کا امکان ہے۔

CAMPUS TANK

مرکزی وزیر سائنس وتکنالوجی ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ملک کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے مقصد سے آج نئی دہلی میں کیمپس ٹینک کا افتتاح کیا۔ اس پروگرام کے تحت نوجوانوں کو اپنے کیریئر کے ابتدائی مرحلہ میں ہی اپنے اسٹارٹ اَپ لانچ کرنے میں مدد کی جائے گی۔ اس موقع پر مرکزی وزیر نے بتایا کہ ملک بھر میں شروع کردہ اِس اقدام سے نوجوانوں کو اپنی اختراع صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لئے ایک بہترین پلیٹ فارم مہیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ملین ڈالر کی فنڈنگ سے یہ پہل شروع کی گئی ہے۔ ڈاکٹر سنگھ نے مزید کہا کہ ملک کے سب سے بڑی اسٹارٹ اَپ مہم کے دوران نوجوانوں کو کاروبار میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کا موقع ملے گا۔

VP

تلنگانہ کے سرکردہ دانشوروں سیول سوسائٹی کے ارکان اور سینئر صحافیوں بشمول پروفیسر کودنڈارام، رام چندر مورتی اور ملے پلی لکشمیا نے تمام ارکانِ پارلیمنٹ سے اپیل کی کہ وہ ملک کے جمہوری اداروں کے تحفظ کیلئے اپنی سیاسی وابستگی سے اوپر اٹھ کر نائب صدر جمہوریہ کے عہدہ کیلئے جسٹس بی سدرشن ریڈی کی حمایت کریں۔ ایک مشترکہ اپیل جس پر 100 سے زائد افراد نے دستخط کئے میں کہا گیا کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ملک کے جمہوری اداروں پر شدید دباؤ ڈالا گیا ہے اور ایسے میں ارکانِ پارلیمنٹ کو چاہئے کہ وہ سپریم کورٹ کے سابق جج جسٹس سدرشن ریڈی کی حمایت کریں۔

I & B

مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نریندر مودی نے جی ایس ٹی میں اصلاحات کرتے ہوئے متوسط طبقہ کو راحت پہنچائی اور قیمتی تحفہ دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جی ایس ٹی اصلاحات سے توقع ہے کہ ملک کی جی ڈی پی میں تقریباً 20 لاکھ کروڑ روپے کا اضافہ ہوگا اور اس سے ان کی معیشت مزید مضبوط ہوگی۔